**04-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

---

Music

---

☆ لوک سبھا انتخابات میں قومی جمہوری اتحاد NDA اکثریت کی طرف بڑھ رہا ہے۔ آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک اس کے قریب ہی دوسرے نمبر پر ہے۔

☆ اب تک اعلان کیے گئے 387 سیٹوں کے نتائج میں NDA نے 224 سیٹیں جیتی ہیں اور آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک نے 127 سیٹیں جیتی ہیں۔

☆ BJP نے، دلی ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، گجرات، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور اڈیشہ کی سبھی سیٹیں جیت لی ہیں۔

☆ اہم جیتنے والوں میں وزیراعظم نریندر مودی، BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ، شیوراج سنگھ چوہان، نتن گڈکری، کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور سماجوادی پارٹی لیڈر اکھلیش یادو شامل ہیں۔

☆ BJP کے لیڈر اسمرتی ایرانی، راجیو چندر شیکھر، ارجن منڈا، نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمرعبداللہ اور PDP لیڈر محبوبہ مفتی ہارنے والوں میں شامل ہیں۔

☆ BJP نے اڈیشہ میں بیجو جنتا دل کو شکست دی ہے، جبکہ تیلگو دیشم پارٹی آندھرا پردیش اسمبلی انتخابات میں فتح یاب ہوئی ہے۔

☆ اسٹاک مارکٹ میں، زبردست گراوٹ آئی، سنسیکس چار ہزار 300 پوائنٹ کے نقصان کے ساتھ اور نفٹی ایک ہزار 300 پوائنٹ کی کمی کے ساتھ بند ہوا۔

---

**(Music)**

---

اب خبریں تفصیل سے

**ROUND-UP-23**

لوک سبھا انتخابات 2024 کے لیے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ ووٹوں کی گنتی آندھرا پردیش اور اڈیشہ کے اسمبلی انتخابات اور 25 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے لیے بھی جاری ہے۔

543 سیٹوں میں سے اب تک 387 سیٹوں کے نتائج کا اعلان کیا گیا ہے۔ اِن میں سے NDA نے 225 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 66 سیٹوں پر آگے ہے۔ آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک نے 149 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 4 سیٹوں پر آگے ہے۔ دیگر نے 15 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 4 سیٹوں پر آگے ہیں۔ BJP نے 197 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 42 سیٹوں پر آگے ہے۔ کانگریس نے 73 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 27 سیٹوں پر آگے ہے۔

اہم امیدوار جنہوں نے اپنی سیٹیں جیت لی ہیں اُن میں وزیراعظم اور BJP کے لیڈر نریندر مودی وارانسی سے، مرکزی وزراء امت شاہ گاندھی نگر سے، کوٹہ سے اوم برلا، بیکانیر سے ارجن رام میگھوال، جودھپور سے گجیندر سنگھ سخاوت، Guna سے جیوترآدتیہ ایم سندھیا شامل ہیں۔ مین پوری سیٹ سے سماجوادی پارٹی کی لیڈر ڈمپل یادو اور آسن سول سے TMC کے ستروگھن سنہا جیت گئے ہیں۔

اہم امیدوار جو انتخابات ہارے ہیں اُن میں BJP کے لیڈر اور مرکزی وزیر ارجن منڈا، کھنٹی سے، امیٹھی سے اسمرتی ایرانی، نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمر عبداللہ بارہمولہ سے اور اننت ناگ سیٹ سے PDP لیڈر محبوبہ مفتی شامل ہیں۔

اتر پردیش میں 41 حلقوں کے نتائج کا اعلان ہو چکا ہے۔ BJP نے 18 ، سماجوادی پارٹی نے 17 اور کانگریس نے 4 سیٹیں جیتی ہیں۔ راشٹریہ لوک دل RLD اور آزاد سماج پارٹی کانشی رام نے ایک ایک سیٹ جیتی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کانگریس کے اجے رائے کو ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے شکست دے کر وارانسی کی سیٹ جیت لی ہے۔

کانگریس لیڈر راہل گاندھی کو رائے بریلی سے منتخب قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے BJP کے حریف دنیش پرتاپ سنگھ کو تین لاکھ 90 ہزار ووٹوں کے فرق سے ہرایا ہے۔

BJP کے اہم جیتنے والوں میں، ڈاکٹر مہیش شرما، گوتم بدھ نگر سے، جتن پرساد پیلی بھیت سے، سوامی سچیدانند ہری ساکشی اناؤ سے، ارون گوول میرٹھ سے، ہیمامالینی متھرا سے اور روی کشن گورکھپور سے شامل ہیں۔ BJP کی اسمرتی ایرانی امیٹھی میں کانگریس کے کشوری لال سے اور BJP کے اجے کمار کھیری میں سماجوادی پارٹی کے اُتکرش ورما مدُھر سے ہار گئے ہیں۔ نگینہ حلقے سے ASPKR کے چندرشیکھر جیت گئے ہیں۔

تازہ ترین رجحانات کے مطابق BJP، 19 سیٹوں پر، سماجوادی پارٹی 16 پر اور کانگریس دو سیٹوں پر آگے ہے۔ راشٹریہ لوک دل اور اپنا دل سونی لال ایک ایک سیٹ پر آگے ہے۔ سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو قنوّج میں ایک

لاکھ 70 ہزار ووٹوں سے آگے چل رہے ہیں۔ BJP کے راجناتھ سنگھ لکھنؤ حلقے سے ایک لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے آگے چل رہے ہیں۔ BJP کی مینکا گاندھی سلطان پور سے پیچھے چل رہی ہیں۔

دلی میں BJP نے دو سیٹیں جیت لی ہیں اور وہ پانچ پر آگے ہے۔ پروین کھنڈیلوال نے چاندنی چوک کی اور راموبیر سنگھ بِدھوڑی نے جنوبی دلی کی سیٹ جیت لی ہے۔ BJP امیدوار منوج تیواری، بانسوری سوراج، کمل جیت شیراوت، یوگیندر چندولیہ اور ہرش ملہوترہ اپنے اپنے حلقوں میں آگے چل رہے ہیں۔x

راجستھان میں لوک سبھا کی سبھی 25 سیٹوں کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ BJP نے 14 سیٹیں اور کانگریس نے 8 سیٹیں جیتی ہیں۔ CPI-M، راشٹریہ لوک تانترک پارٹی اور بھارت آدیواسی پارٹی کو ایک ایک سیٹ ملی ہے۔

جن سیٹوں سے BJP کے امیدواروں کو منتخب قرار دیا گیا ہے، وہ ہیں: اجمیر، الور، بھیل واڑہ، بیکانیر، چتّوڑ گڑھ، جے پور، جے پور دیہی، جالور، جھالاواڑ- باراں، جودھپور، کوٹا، پالی، راج سَمند اور اُدے پور۔

کانگریس نے باڑ میر، بھرت پور، چورو، دَوسا، گنگانگر، جھنجھنو، کرولی-دھولپور اور ٹونک-سوائی مادھو پور سے سیٹ حاصل کی ہے۔

بھارت آدیواسی پارٹی اور راشٹریہ لوک تانترک پارٹی کے امیدواروں نے بانسواڑا، سِکر اور ناگور سے بالترتیب سیٹیں حاصل کی ہیں۔

BJP کے اوم برلا نے، کانگریس کے اپنے حریف پرہلاد گُنجل کو 41 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے ہرایا ہے۔ BJP کے ارجن رام میگھوال، بیکانیر سے، کانگریس کے اپنے حریف گووند رام میگھوال کو 55 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے شکست دے کر کامیاب ہوئے ہیں۔ BJP کے گجیندر سنگھ شیخاوت نے جودھپور حلقے سے کانگریس کے اپنے حریف کرن سنگھ Uchiyarda کو ایک لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے شکست دی ہے۔ x

## HIMACHAL PRADESH

ہماچل پردیش میں BJP نے لوک سبھا کی سبھی چاروں سیٹیں جیت لی ہیں۔ ریاست میں اِس مکمل اکثریت کے ساتھ ہی BJP ایک بار پھر اقتدار میں آگئی ہے۔

ایک رپورٹ......

VC- Ritesh Kapoor

2014 سے یہ لگاتار تیسری بار ہے کہ BJP نے ہماچل پردیش میں لوک سبھا کے عام انتخابات میں مکمل اکثریت حاصل کی ہے۔ ہمیر پور پارلیمانی سیٹ پر اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اور BJP امیدوار انوراگ سنگھ

ٹھاکر نے لگاتار پانچویں بار کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے اپنے قریب ترین حریف کانگریس کے ستیہ پال رائے زدہ کو ایک لاکھ 82 ہزار 357 ووٹوں کے بڑے فرق سے شکست دی ہے۔ اسی دوران منڈی پارلیمانی سیٹ پر BJP امیدوار اور مشہور اداکارہ کنگنا رناوت نے کانگریس کے وکرما دتیہ سنگھ کو 74 ہزار 755 ووٹوں سے شکست دی۔ اسی طرح کانگڑہ پارلیمانی سیٹ سے BJP کے ڈاکٹر راجیو بھاردواج نے کانگریس امیدوار آنند شرما کو ہرایا جبکہ شملہ پارلیمانی حلقے سے BJP سریش کشیپ نے کانگریس کے ونود سلطان پوری کو ہراکر لگاتار دوسری بار کامیابی حاصل کی ہے۔

اس کے علاوہ ریاست میں 6 اسمبلی سیٹوں کیلئے کرائے گئے ضمنی انتخابات میں کانگریس پارٹی نے چار سیٹیں حاصل کی ہیں جبکہ BJP نے دو سیٹیں جیتی ہیں۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ........................

## WEST BENGAL

مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس نے 6 سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ 36 سیٹوں پر گنتی جاری ہے۔ ابھیشک بنرجی، کیرتی جھا آزاد اور شتروگن پرساد سنہا، پارٹی کے ممتاز فتحیاب شخصیتوں میں شامل ہیں۔ ابھیشک نے 7 لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے جیت حاصل کی ہے۔

یہاں TMC، 23 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔BJP بارہ سیٹوں پر اور کانگریس ایک سیٹ پر آگے ہے۔ x

## JHARKHAND

جھارکھنڈ میں 14 سیٹوں پر لوک سبھا انتخابات کرائے تھے جہاں BJP نے 7 سیٹیں، AJSU پارٹی نے ایک، JMM نے 2 اور کانگریس نے 2 سیٹیں حاصل کی ہیں۔

BJP رہنما اور مرکزی وزیر ارجن منڈا، کھنٹی سیٹ سے ہار گئے ہیں۔ اُنھیں کانگریس کے امیدوار کالی چرن منڈا نے ایک لاکھ 40 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے شکست دی ہے۔

مرکزی وزیر اور BJP رہنما انپہ پورنا دیوی کو، کوڈرما سیٹ سے منتخب قرار دیا گیا ہے۔ BJP امیدواروں ہزاری باغ سے منیش جیسوال، رانچی سے سنجے سیٹھ اور پلامو سے بی ڈی رام، گوڈّا سے نشی کانت دوبے، دھنباد سے ڈُھلّو مہتو اور جمشید پور سے Vidut باراں مہتو نے کامیابی حاصل کی ہے۔

جبکہ NDA کے اتحادی، AJSU پارٹی کے چندر پرکاش چودھری کو Giridih سے کامیاب قرار دیا گیا ہے۔

JMM امیدواروں، راج محل سے وجے کمار ہنسدا اور سنگھ بھوم سے Joba مانجھی نے کامیابی حاصل کی ہے۔
کانگریس امیدواروں کالی چرن منڈا نے کُھنٹی سے، سکھ دیو بھگت نے لوہار ڈاگا سے انتخاب جیتا ہے۔
BJP اور JMM ایک ایک سیٹ سے سبقت لئے ہوئے ہے۔ x

## UTTARAKHAND

2014 سے یہ لگاتار تیسری بار ہے کہ BJP نے ہماچل پردیش میں لوک سبھا کے عام انتخابات میں مکمل اکثریت حاصل کی ہے۔ ہمیر پور پارلیمانی سیٹ پر اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اور BJP امیدوار انوراگ سنگھ ٹھاکر نے لگاتار پانچویں بار کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے اپنے قریب ترین حریف کانگریس کے ستیہ پال رائے زدہ کو ایک لاکھ 82 ہزار 357 ووٹوں کے بڑے فرق سے شکست دی ہے۔ اسی دوران منڈی پارلیمانی سیٹ پر BJP امیدوار اور مشہور اداکارہ کنگنا رناوت نے کانگریس کے وکرما دتیہ سنگھ کو 74 ہزار 755 ووٹوں سے شکست دی۔ اسی طرح کانگڑہ پارلیمانی سیٹ سے BJP کے ڈاکٹر راجیو بھاردواج نے کانگریس امیدوار آنند شرما کو ہرایا جبکہ شملہ پارلیمانی حلقے سے BJP سریش کشیپ نے کانگریس کے ونود سلطان پوری کو ہراکر لگاتار دوسری بار کامیابی حاصل کی ہے۔

اس کے علاوہ ریاست میں 6 اسمبلی سیٹوں کیلئے کرائے گئے ضمنی انتخابات میں کانگریس پارٹی نے چار سیٹیں حاصل کی ہیں جبکہ BJP نے دو سیٹیں جیتی ہیں۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ........................

## BIHAR

بہار میں 40 لوک سبھا سیٹوں پر چناؤ کرائے گئے تھے اور ابھی تک 12 حلقوں کے نتائج کا اعلان کیا جاچکا ہے۔

BJP نے پانچ سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 7 پر آگے ہے۔ JDU نے چار سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 8 پر آگے ہے۔

لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کے ارون بھارتی کو جموئی سیٹ سے کامیابی حاصل ہوئی ہے اور پارٹی چار حلقوں میں آگے ہے۔

ہندوستانی عوام مورچہ سیکولر کے رہنما جیتن رام مانجھی نے گیا سیٹ حاصل کرلی ہے۔

کانگریس کے طارق انور، کٹیہار سیٹ سے جیتے ہیں اور اُن کی پارٹی دو سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔

RJD چار سیٹوں پر آگے ہے اور CPI-ML دو سیٹوں پر آگے ہے۔

آزاد امیدوار راجیش رنجن عرف پپو یادو، پورنیہ سے سبقت لئے ہوئے ہیں۔ x

## TAMIL NADU

تمل ناڈو میں 39 لوک سبھا حلقوں میں سے DMK نے 3 سیٹیں حاصل کی ہیں اور وہ 19 سیٹوں پر آگے چل رہی ہیں۔ کانگریس نے ایک سیٹ حاصل کی ہے۔ وہ آٹھ سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔ VCK دو سیٹوں پر آگے ہے اور دیگر امیدوار 6 سیٹوں پر سبقت لئے ہوئے ہیں۔

ریاستی BJP کے سربراہ اور سابق آئی پی ایس K Annamalai، کوئمبٹور حلقے سے پیچھے چل رہے ہیں۔

DMK کے امیدوار اے راجا، نیل گری حلقے سے چناؤ جیت گئے ہیں۔ انھوں نے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن کو شکست دی ہے۔

ریاستی BJP کے سابق سربراہ ڈاکٹر تملیسائی سندرا راجن، چنئی جنوب سیٹ پر پیچھے چل رہے ہیں۔

DMK کی خاتون ونگ کی لیڈر Kanimozhi، توتوکڑی سے آگے چل رہی ہیں۔

DMK کے دیاندھی مارن، چنئی سینٹرل سے سبقت لئے ہوئے ہیں۔

کانگریس کے کارتی پی چدمبرم، Sivaganga پارلیمانی حلقے سے سبقت لئے ہوئے ہیں۔ x

## ASSEMBLY COUNTING

اڈیشہ میں، BJP اسمبلی انتخابات میں BJD سے آگے چل رہی ہے۔ وہ 147 ممبران والی اسمبلی میں 79 سیٹوں پر آگے ہے۔ ووٹوں کی گنتی جاری ہے اور نتائج کا اعلان آج رات دیر گئے متوقع ہے۔ ریاست میں BJP نے، 13 سیٹیں جیت لی ہیں اور وہ 66 سیٹوں پر آگے ہے۔ BJD نے سات سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 43 سیٹوں پر آگے ہے۔ کانگریس نے ایک سیٹ جیتی ہے اور وہ 13 سیٹوں پر آگے ہے۔ ایک آزاد امیدوار اپنی سیٹ جیت چکے ہیں جبکہ تین آگے چل رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ نوین پٹنائک Hinjili اسمبلی حلقے سے لگاتار چھٹی مرتبہ جیتے ہیں۔ البتہ وہ Kantabanji حلقے سے BJP کے امیدوار لکشمن باگ سے پیچھے چل رہے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات کے 21 حلقوں میں سے BJP ، 19 پر جبکہ BJD اور کانگریس ایک ایک پر آگے ہے۔

مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان سمبل پور لوک سبھا سیٹ سے BJD کے پرنب پرکاش داس سے آگے چل رہے ہیں۔

کرناٹک میں، 28 لوک سبھا حلقوں میں سے BJP نے 17 سیٹیں جیتی ہیں، کانگریس نے 9 اور JDS نے دو سیٹیں جیتی ہیں۔

تلنگانہ میں، 17 لوک سبھا حلقے میں سے BJP نے چار سیٹیں جیتی ہیں اور چار پر آگے ہے۔ کانگریس نے دو سیٹیں جیتی ہیں اور چھ پر آگے ہے۔ جبکہ AIMIM ایک سیٹ پر آگے ہے۔ AIMIM کے صدر اسد الدین اویسی حیدرآباد حلقے سے آگے ہیں۔

مرکزی وزیر اور BJP کے امیدوار جی کشن نے، سکندرآباد سیٹ جیت لی ہے۔ BJP نے عادل آباد، نظام آباد اور میدک سیٹیں جیت لی ہیں۔

اِدھر جھارکھنڈ مُکتی مورچہ کی کلپنا سورین نے Gandey اسمبلی کا ضمنی چناؤ جیت لیا ہے۔ انہوں نے BJP کے دلیپ ورما کو 26 ہزار ووٹوں سے ہرایا، وہ جیل میں بند سابق وزیرِاعلیٰ ہیمنت سورین کی اہلیہ ہیں۔ ×

## PM ODISHA ANDHRA PRADES

وزیرِاعظم نریندر مودی نے اوڈیشہ اسمبلی انتخابات میں BJP کو جیت دلانے پر ریاست کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ سوشل میڈیا ٹوئیٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ بہتر حکمرانی اور اڈیشہ کی منفرد تہذیب کے جشن کی جیت ہے۔

انہوں نے کہا کہ BJP، اوڈیشہ کے عوام کی خواہشات کو پورا کرنے اور ریاست کو ترقی کی نئی اونچائیوں تک لے جانے میں کوئی کمی نہیں رکھے گی۔

وزیرِاعظم نے مزید کہا کہ انہیں سبھی پارٹی کارکنوں کی سخت محنت پر فخر ہے۔

وزیرِاعظم مودی نے NDA کو بے مثال جیت سے ہمکنار کرنے پر آندھرا پردیش کے عوام کا بھی شکریہ ادا کیا۔

وزیرِاعظم نے اس زبردست کامیابی پر چندر بابونائیڈو، پوَن کلیان اور TDP، جن سینا اور آندھرا پردیش BJP کے کارکنوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

وزیرِاعظم مودی نے کہا کہ NDA، آندھرا پردیش کی ہمہ جہت ترقی کے لیے کام کرے گی اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ریاست آنے والے وقت میں خوشحالی کے راستے پر گامزن رہے۔×

## REV PM BJP

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر جناب نریندر مودی نے آج کہا کہ یہ بات یقینی ہے کہ NDA مرکز میں لگاتار تیسری مرتبہ حکومت تشکیل کرے گی۔ BJP صدر دفتر میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اس چناؤ میں عوام نے دکھا دیا ہے کہ BJP اور NDA میں انھیں مکمل اعتماد ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ یہ کامیابی بھارتی آئین اور سب کا ساتھ سب کا وسواس کے منتر میں یقین کی جیت ہے۔ انھوں نے انتخابی کمیشن اور لوک سبھا چناؤ 2024 کے کامیابی کے ساتھ انعقاد میں شامل سبھی کی ستائش کی۔

پارٹی صدر جے پی نڈا نے کہا کہ NDA کی تشکیل کے بعد سے بھارتی سیاست میں یہ پہلی مرتبہ ہے کہ ایک اتحاد مسلسل تیسری مرتبہ اپنی حکومت تشکیل دے گا۔

انھوں نے اپوزیشن پر الزام لگایا کہ وہ منفی سوچ کے ساتھ کام کرتی ہے اور پچھلے پانچ برس میں اس نے کوئی بھی مثبت کام نہیں کیا ہے۔

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزراء امت شاہ اورراج ناتھ سنگھ و دیگر رہنما بھی اس موقع پر موجود تھے۔ x

**REV CONGRESS BRIEFING**

کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے، لوک سبھا انتخابات کے نتائج کو عوام اور جمہوریت کی جیت قرار دیا ہے۔ نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے کہا کہ اِن انتخابات میں کسی بھی پارٹی کو اکثریت نہیں ملی ہے۔

انہوں نے کہا کہ وہ عوام کے فیصلے کو قبول کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت جوڑو نیائے یاترا نے لاکھوں لوگوں کو کانگریس کے ساتھ جوڑا۔

کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ یہ انتخابات صرف کسی ایک سیاسی پارٹی کے خلاف نہیں بلکہ ایجنسیوں کے خلاف تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارے وہ ہیں جنہیں BJP نے اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ جناب گاندھی نے کہا کہ یہ انتخاب آئین کے تحفظ کے لیے تھا۔

انہوں نے کہا کہ لوگوں نے اتفاق رائے سے اور واضح طور پر یہ بتا دیا ہے کہ وہ نہیں چاہتے کہ BJP ملک چلائے۔ جناب گاندھی نے کہا کہ BJP کے لیے یہ ایک بڑا پیغام ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کی پارٹی کل اپنے آئی۔این۔ڈی۔آئی۔ اے کی شریک پارٹیوں کے ساتھ کل میٹنگ کرے گی۔x

**CPI REAX**

CPI -M نے، لوک سبھا انتخابات کے نتائج کو، BJP کیلئے ایک دھچکا قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں پارٹی نے کہا کہ BJP نے لوک سبھا میں اپنی اکثریت کھو دی ہے، جو اُس نے 2014 اور 2019 میں دو لوک سبھا انتخابات میں حاصل کی تھی۔ اُس نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک نے بے روزگاری، قیمتوں میں اضافے، زراعت سے متعلق پریشانیوں اور جمہوریت و آئین پر حملوں کے معاملات پر چناؤ لڑا تھا۔ اُس نے کہا کہ CPI-M اور بائیں بازو کی پارٹیوں کی، سیٹوں کی تعداد میں کچھ بہتری آئی ہے۔ x

## STOCKS CLOSE

بھارتیہ شیئر بازار کے عدد اشاریے میں آج زبردست گراوٹ آئی۔ آج کے کاروبار کے دوران دونوں عدد اشاریوں میں 8 فیصد کی کمی آئی جو فروری 2022 سے اب تک کسی ایک دن میں سب سے بڑی کمی آئی ہے۔

آج کاروبار بند ہونے تک سینسیکس میں 4 ہزار 390 پوائنٹس کی ریکارڈ کمی آئی جبکہ نفٹی میں بھی ایک ہزار 379 پوائنٹس کی کمی آئی۔ x

## NEET RESULT

امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی نے NEET-انڈر گریجویٹ کے نتیجے کا اعلان کر دیا ہے۔ امتحان میں شریک ہونے والے طلباء اپنے نتائج exams.nta.ac.in/NEET پر چیک کرسکتے ہیں۔

انڈر گریجویٹ میڈیکل پروگرام کا یہ داخلہ امتحان 5 مئی کو منعقد کیا گیا تھا۔ x

## INDONESIA OPEN BADMINTON

بھارت کے اسٹار بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، جکارتہ میں آج جاپان کے Kanta Tsuneyama کو سیدھے سیٹوں میں ہرا کر انڈونیشیا اوپن سپر 1000 ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔x

☆☆☆☆☆